# نیو پاکستان انٹرنیشنل سکول حولی کویت

سیشن 2023-24 ( شعری اصطلاحات ) پرچہ : اردو(لازمی) برائے جماعت نہم(ایچ) (بی)

نام طالبعلم ____________________ تاریخ 2 مئی 2023

کُل وقت:30منٹ (حصّہ اوّل معروضی) کُل نمبر:25

نوٹ:۔ حصّہ اوّل لازمی ہے۔ ہر سوال کا نمبر ایک ہے۔ کاٹ کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1۔ دیے گئے الفاظ یعنی (الف/ب/ج/د) میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے۔

1۔ مصرعے کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

الف۔ دروازہ ب۔ کھڑکی ج۔ دروازے کا ایک پٹ د۔ دروازے کا تالا

2۔ شاعری کی اصطلاح میں مصرعے کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

الف۔ شعر کا مفہوم ب۔ شعر کی ہر سطر ج۔ شعر کی تشریح د۔ شعر کی ترتیب

3۔ دو ہم وزن مصرعوں سے مل کر بنتا ہے ؟

الف۔ غزل ب۔ نظم ج۔ شعر د۔ بند

4۔ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے کہلاتی ہے ؟

الف۔ منقبت ب۔ حمد ج۔ نعت د۔ شہر آشوب

5۔ مطلع کا لغوی معنی کیا ہے؟

الف۔ شروع ہونا ب۔ اختتام ہونا ج۔ طلوع ہونے کی جگہ د۔ غروب ہونے کی جگہ

6۔ مطلع کہتے ہیں:

الف۔ غزل کے آخری شعر ب۔ غزل کے ہر شعر کو ج۔ غزل کے پہلے شعر کو د۔ قصیدہ کے آخری شعر کو

7۔ ''حسن مطلع'' آتا ہے:

الف۔ اصل مطلع کے بعد ب۔ اصل مطلع سے پہلے ج۔ غزل کے آخر میں د۔ درمیان میں

8۔ مقطع کے لغوی معنی ہیں۔

الف۔ طلوع ہونے کی جگہ ب۔ کٹ جانے کی جگہ ج۔ نکلنے کی جگہ د۔ غروب ہونے کی جگہ

9۔ مقطع کہتے ہیں۔

الف۔ غزل کے ہر شعر کو ب۔ غزل کے آخری شعر کو ج۔ غزل کے پہلے شعر کو د۔ قصیدے کے ہر شعر کو

10۔ قصیدے کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، کہتے ہیں:

الف۔ مطلع ب۔ ردیف ج۔ مقطع د۔ قافیہ

11۔ مقطع کی نشاندہی کریں۔

الف۔ نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی ب۔ کیوں سنے عرض مضطرب مومن

ج۔ اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے د۔ جو برائی تھی میرے نام سے منسوب ہوئی

SOCHBADLOBYMAK

CS CamScanner

12۔ مقطع کی نشاندہی کریں۔

الف۔ نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی
ب۔ کچھ رنگ بیاں حالی ہے سب سے جدا تیرا
ج۔ اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے
د۔ جو برائی تھی میرے نام سے منسوب ہوئی

13۔ قافیہ کے لغوی معنی ہیں:

الف۔ سبقت لے جانے والا
ب۔ پیچھے آنے والا
ج۔ پسپا ہونے والا
د۔ آگے بڑھنے والا

14۔ قافیہ کہتے ہیں:

الف۔ شعر کے آخری حصے کو
ب۔ قافیہ کے بعد دہرائے جانے والے الفاظ کو
ج۔ ردیف سے پہلے استعمال ہونے والے ہم وزن الفاظ کو
د۔ شعر کے پہلے حصے کو

15۔ ردیف کے لفظی معنی ہیں:

الف۔ پیچھے آنے والا
ب۔ وہ شخص جو سواری پر کسی کے پیچھے سوار ہو
ج۔ وہ شخص جو سواری پر درمیان میں سوار ہو
د۔ وہ شخص جو سواری پر پہلے سوار ہو

16۔ ردیف کہتے ہیں:

الف۔ شعر کے پہلے حصے کو
ب۔ قافیہ کے بعد دہرائے جانے والے الفاظ کو
ج۔ ردیف سے پہلے استعمال ہونے والے ہم وزن الفاظ کو
د۔ شعر کے آخری حصے کو

17۔ شعری اصطلاح میں اس سے مراد ایک یا ایک سے زیادہ وہ مستقل کلمے یا حروف ہیں، جو قافیہ کے بعد بار بار آئیں کہلاتے ہیں:

الف۔ مطلع
ب۔ مقطع
ج۔ قافیہ
د۔ ردیف

18۔ "اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا" اس شعر میں ردیف کی نشاندہی کریں۔

الف۔ ذرا
ب۔ نہیں ہوتا
ج۔ فزا
د۔ راحت فزا

19۔ "ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے درد کی دوا کرے کوئی" اس شعر میں ردیف کی نشاندہی کریں۔

الف۔ ہوا کرے
ب۔ دوا کرے
ج۔ ابن مریم
د۔ کرے کوئی

20۔ " ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے درد کی دوا کرے کوئی " اس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کریں۔

الف۔ ہوا کرے
ب۔ دوا کرے
ج۔ ہوا ، دوا
د۔ کرے کوئی

21۔ "اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا" اس شعر میں قافیہ کی نشاندہی کریں۔

الف۔ اثر
ب۔ نہیں ہوتا
ج۔ ذرا ، فزا
د۔ راحت فزا

22۔ مندرجہ ذیل شعر میں ردیف کی نشاندہی کریں ؟ پانی تھا آگ، گرمی روز حساب تھی ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

الف۔ حساب
ب۔ کباب
ج۔ تھی
د۔ پانی

23۔ مندرجہ ذیل شعر میں ردیف کی نشاندہی کریں ؟ یہ کلی بھی اس گلستان خزاں منظر میں تھی ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

الف۔ خاکستر
ب۔ منظر
ج۔ میں تھی
د۔ چنگاری

24۔ مندرجہ ذیل شعر میں قافیہ کی نشاندہی کریں ؟ پانی تھا آگ، گرمی روز حساب تھی ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

الف۔ حساب ، کباب
ب۔ کباب تھی
ج۔ حساب تھی
د۔ پانی

25۔ مندرجہ ذیل شعر میں قافیہ کی نشاندہی کریں یہ کلی بھی اس گلستان خزاں منظر میں تھی ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

الف۔ خاکستر تھی
ب۔ منظر تھی
ج۔ تھی
د۔ منظر ، خاکستر

SOCHBADLOBYMAK

CS CamScanner